English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite بسم الله with, لا حول استغفار and Darood Shareef and after evening recite Surah Mulk for wealth and progress.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Useful practise T o increase provisions

کشادگی رزق کا مجرب عمل

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Useful practice to increase provisions کشادگی رزق کا مجرب عمل
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine August 2009 Page No.20 عبقری رسالہ اگست ۲۰۰۹ صفحہ نمبر ۲۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جو شخص روزانہ یا باسط صبح کے وقت ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اللہ تعالیٰ اس کے رزق کو کشادہ کر دیتا ہے وہ

شخص کسی کا محتاج نہیں ہوتا اور نہ ہی اسے کوئی شدید پریشانی لاحق ہوتی ہے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ راضی ہوکر پڑھنے والے کے لئے اپنی نعمت اوررزق کوکشادہ کردیتا ہے۔

اس کے متعلق امام اعظم رحمت االلہ کا قول ہے کہ جو کوئی صبح کی نماز سے پہلے دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور اس کے بعد اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لے او ہمیشہ ایسا ہی کرتا ہے اسے مخلوق سے کبھی سوال کرنے کی ضرورت درپیش نہ ہوگی۔

۲۔ خاوند کی بداخلاقی کا حل:

جس عورت کا خاوند بد اخلاق ہو اور اپنی عورت کے ساتھ بڑی سخت مزاجی سے پیش آتا ہو اس عورت کو چاہیے کہ اس اسم کو پانی پر 2300 مرتبہ روزانہ گیارہ یوم تک پڑھ کر پانی پلائے۔ انشا اللہ تعالیٰ خاوند کا مزاج درست ہوگا۔ اور اس میں بداخلاقی ختم ہوجائے گی۔

۳۔ فراخدلی اور سخاوت پیدا کرنا:

اگر کوئی شخص یہ چاہت ہے کہ وہ فراخدل اور سخی بن جائے تو وہ اس اسم کو روزانہ 27 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے انشا اللہ اس کے دل میں فراخدلی پید ہوجائے گی اور اللہ کی راہ میں دل کھول کر روپیہ پیسہ خرچ کرنے والا بن جائے گا اور اسی حساب سے اللہ تعالیٰ اسے عطا بھی کرے گا۔

یاباسط

QuranArabic Zikr
(قرآنی آیات یاذکر)

English Translation and Instructions
(انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)

The person who recites یاباسط 100 times in the morning Allah will increase his provisions. He will not be dependant on anyone and

Allah will solve all of his problems. Hazrat Imam Azam said about it that the person who recites it 10 times and bless his face with it in the morning he will not be dependant on anyone.

For husbands with bad temper and attitude recite 2300on water and give him to drink Inshallah he will be kind to you.

If someone wants to be generous recite یاباسط27times daily.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Reciting ofیاباسطvery usefu l Practise to increase provisions

یَابَاسِطُ کا ورد اضافہ رزق کے لئے بہت مجرب ہے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Practise to increase provisions رزق کے لئے بہت مجرب ہے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on august 2009 Page No.20 عبقری رسالہ اگست ۲۰۰۹ صفحہ نمبر ۲۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	۴۔ یَابَاسِطُ کا ورد اضافہ رزق کے لئے بہت مجرب ہے۔ یہ عمل بند کاروبار یا دکان کو دوبارہ چلانے کے لئے یا کاروبار

میں ترقی کے لئے اس کے علاوہ ہر قسم کے کاروبار میں جس میں اضافہ کرنا درکار ہو پڑھ سکتے ہیں۔ انشا اللہ حسب منشا اللہ تعالیٰ اضافہ رزق کرے گا۔ اس کا عمل یہ ہے کہ پہلے اس اسم کو 40 دن میں 5 لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ یعنی کوئی وقت مقرر کر کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر روزانہ 13500 مرتبہ پڑھیں انشا اللہ چلے میں کامیابی ہوگی۔ اس کے بعد مذکورہ فوائد کے لئے جس کو چاہیں تلقین کریں۔

۵۔ اضافہ رزق کا مجرب عمل: مندرجہ ذیل وظیفہ بھی دراصل یا باسط کی جامع شکل ہے اور اضافہ رزق کے لئے بہت موثر ہے۔ اس سے بہت جلد مسئلہ حل ہوتا ہے۔ اضافہ رزق کے لئے اس وظیفہ کو رمضان المبارک کے دوران دن یا رات کے کسی حصے میں 1100 مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے۔

انشاء اللہ اگر اللہ راضی ہو گیا تو غیب سے دولت کے خزانے کھول دیتا اور کسی چیز کی کمی نہ رہے گی۔ وظیفہ یہ ہے۔:

QuranArabic Zikr
(قرآنی آیات یاذکر)

يَابَاسِطُ الَّذِىْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۤ بِغَيْرِ حِسَابٍ

(اے کشادہ کرنے والے جو رزق کو کشادہ کردے جس کے لئے چاہے بغیر حساب)

English Translation and Instructions
(انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)

The reciting of يَابَاسِطُ is very useful to increase provisions. The practise of this name is to recite it 5lac times in 40days. Fix a time and recite it 13500times with

Ayatul Kursi 11 times Darood Shareef and 4Qul Shareef in the beginning and endجزل.

Here is another practise of this name. During Ramazann recite يَابَاسِطُ الَّذِىْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ1100 times during day or night and pray to Allah. InshaAllah the doors of provision will open for you.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Freedom from debts(قرض سے آزادی)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Freedom from debts قرض سے آزادی
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Sep 2009 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	بعض مرتبہ انسان اس امید پر کہ قرض لے لوں شاید کچھ نفع ہو جائے اور کاروبار چل نکلے لیکن ہر بار کاروبار میں نقصان ہوتا جاتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے اور قرض اترنے کا نام نہیں لیتا۔ ایسی صورت میں قرضہ دینے والے طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں۔ جس سے تجارت اور کاروبار میں توجہ قائم نہیں رہتی اور نقصان ہوتا ہے۔ دوسری طرف دل اور دماغ بوجھل رہتے ہیں۔ قرض سے نجات

کے لئے سب سے بہتر عمل وہ ہے جو حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا تھا۔

نماز مغرب کے بعد یہ دعا 100 مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ دعا یہ ہے۔

QuranArabic Zikr
(قرآنی آیات یا ذکر)

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ
بِفَضْلِکَ عَنْ مَنْ سِوَاکَ

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ
بِفَضْلِکَ عَنْ مَنْ سِوَاکَ

English Translation and Instructions
(انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)

Sometimes a person takes loan to return it back after profit in the business but such atrocities happen when the business runs into loss and debts increase. This practise was taught by The Holy Prophetﷺ to Hazrat Ali a.s after Maghreb prayer recite this supplication

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ
بِفَضْلِکَ عَنْ مَنْ سِوَاکَ

100times with 3times Darood in the beginning and end.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For progress in provisions(رزق میں ترقی کے لئے)

Purpose and Benefits
(مقصد اور فائدہ)

For progress in provisions
رزق میں ترقی کے لئے

Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Sep 2009 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۹
Urdu Instructions (اردو وتفصیل)	آج کل مہنگائی کے سبب ہر شخص کا کم آمدنی میں گزارا مشکل ہوگیا ہے آدمی ہر طرف ترقی کے لئے کوشش کرتا ہے۔ لیکن ناکامی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سوال کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ رزق میں ترقی کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو بعد نماز فجر تین سو بار روزانہ پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ انشا اللہ تعالیٰ رزق میں ترقی ہوگی۔ اور رزق بے حساب ملے گا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًا ۔ وَيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡسِبُ ط وَمَنۡ يَّتَوَ كَّلۡ كَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	In times of inflation a person finds it very hard to survive with such inadequate income. If you ask help from Allah you will never be deprived. Recite the following verse from Quran 300times with 11times Darood in the beginning and end. Perform ablutions before the practise. InshaAllah your provisions will be increased. Here is the verse:

وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا ۔ وَّیَرۡزُقۡہُ مِنۡ
حَیۡثُ لَا یَحۡسِبُ ط وَمَنۡ یَّتَوَکَّلَ کَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ
حَسۡبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ
شَیۡ قَدۡرًا

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For success in business(کاروبار میں ترقی کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For success in business کاروبار میں ترقی کے لئے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on sep 2009 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہر روز 786 مرتبہ پڑھیں کاروبار میں ترقی ہوگی۔ یا وھاب مہینے کے درمیان میں جمعہ کو نصف شب 2 رکعات نماز حاجت پڑھ کر بعد سلام 300 مرتبہ پڑھے کر دعا کریں پھر 400 مرتبہ پڑھ کر دعا کریں 200 مرتبہ پڑھ کر دعا کریں اور اول و آخر مین 11، 11 بار درود ابراہیمی پڑھیں 3 یوم میں حاجت پوری ہو گی انشاء اللہ مکمل اعتماد سے عمل کریں۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ daily 786times you will be successful in your business. Recite یا وھاب 300 times after offering two rakaat

prayer for your wishes during midnight of Friday then recite 400 times and pray to Allah and again recite it 200 times and pray to Allah. Recite 11 times Darood Ibrahimi in the beginning and ending. InshaAllah your wish will be granted in 3 days.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For job(حصول ملازمت کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For job حصول ملازمت کے لئے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on sep 2009 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں قل ان الفَضلَ بیں اللہ سے واللہ ذوالفضل العظیم تک انشا اللہ فائدہ ہوگا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	قل ان الفَضلَ بیں اللہ سے واللہ ذوالفضل العظیم
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Write the verse from باندھیں قل ان الفَضلَ بیں اللہ to واللہ ذوالفضل العظیم on a page and tie it with your arm.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To get rid of poverty and short handedness

غریبی اور تنگ دستی دور کرنا

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get rid of poverty and short handedness غریبی اور تنگ دستی دور کرنا
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on nov 2009 عبقری رسالہ نومبر ۲۰۰۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشا باوضو سورہ مزمل (پ29) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے سورہ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگ دستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلا ناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورہ مزمل و حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	The person who is poor and is always short-handed should recite surh Muzamil 11 times after

Maghreb prayer or Isha prayer. Recite 11 times Darood in the beginning and when reach فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا then say حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ 25times. Inshallah this practise will bless his home and his provisions.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To bless provisions(روزی میں برکت کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To bless provisions روزی میں برکت کے لئے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ebqri magazine dec_2009page no10 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۰۹ صفحہ نمبر ۱۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	روزی میں برکت کے لئے اور آمدنی میں تنگی کو دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت مفید اور موثر ہے۔ وقت مقررہ پر روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یا مغنی پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روزی میں برکت کی دعا کرے انشا اللہ تعالیٰ تنگدستی دور ہوگی اور رزق کی پریشانی دور ہوگی۔ یہ عمل مستقل کرے۔ انشا اللہ تھوڑے رزق میں برکت ہوگی اور رزق کے درواز ے کھل جائیں گے۔ یہ عمل بعد نماز عشا پابندی سے کرے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یامغنی درود شریف

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	This practise is very useful to bless your provisions. During the fixed time recite 11times Darood in the beginning and end and then recite یامغنی 100times. Inshallah with a few days practise Allah will bless and increase your provisions.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To increase your provisions(رزق میں اضافہ)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To increase your provisions رزق میں اضافہ
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ebqri magazine Dec_2009page no 38 عبقری رسالہ دسمبر صفحہ نمبر ۳۸
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	الرزاق قبل نماز فجر گھر کے سب گوشوں میں دس بار پڑھ کر پھونکیں سمت قبلہ کے داہنی طرف ہو اس سے شروع کرے تو وسعت رزق حاصل ہو۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	الرزاق
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Reciteالرزاقbefore Fajr prayer and blow it in the four corners of the house, you must be facing Qibla while reciting it Inshallah your

provisions will be increased.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Peculiar Practise for plentiful provisions

لامحدود رزق پانے کا انمول وظیفہ

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Peculiar Practise for plentiful provisions لامحدود رزق پانے کا انمول وظیفہ
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Feb 2008Page No. 07 عبقری رسالہ فروری ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	(الرزاق جل جلالہ) (رزق دینے والا) (عدد:308) جوکوئی اس کو پانچ سو پینتالیس (545) مرتبہ پڑھے ق اس کا رزق کشادہ ہو اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ دیکھے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	The person who recites الرزاق جل جلالہ 545times he will be blessed with plentiful provisions.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

poverty(غربت)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To eliminate poverty غربت
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine April 2008Page No. 07 عبقری رسالہ اپریل ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	یَامَالِكُ 90 بار روزانہ جو نادار پڑھا کرے انشاءاللہ عزوجل غربت سے نجات پا کر مالدار ہو۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَامَالِكُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Reciteیَامَالِكُ90times daily to get rid of poverty.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To get rid of dependancy and meagreness

مفلسی اور محتاجی سے نجات

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get rid of dependancy and meagreness مفلسی اور محتاجی سے نجات
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)

Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine May 2008Page No. 13 عبقری رسالہ مئی ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۱۳
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	تین مہینے تک روزانہ بلاناغہ اسم مبارک اللہ الصمد تین ہزار مرتبہ اول و آخر درود شریف چند مرتبہ پڑھتے رہنے سے قسمت سدھر جاتی ہے اور تمام مفلسی اور محتاجی رفو چکر ہوجاتی ہے۔ مگر اس عمل کو سوموار کے دن سے بعد نماز فجر شروع کرنا چاہیے اور تین مہینے کے بعد اسے دن ختم کرنا چاہیے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	اللہ الصمد
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Reciteاللہ الصمد3000times daily for 3months with Darood shareef in the beginning and ending. This practise should be started from Monday after Fajr prayer and should end on the same day after 3months.

Name of Amal

(وظیفے،دعا کا نام)

To get rid of dependancy

محتاجی سے نجات

Purpose and Benefits (مقصداورفائدہ)	To get rid of dependancy محتاجی سے نجات
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)

Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine May 2008Page No. 13 عبقری رسالہ مئی ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۱۳
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	یَاحَکِیْمُ 80 بار روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد جو پڑھ لیا کرے انشااللہ عزوجل کسی کا محتاج نہ ہوگا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَاحَکِیْمُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite یَاحَکِیْمُ 80 times daily after each five prayers Inshallah you will not be dependant on anyone.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Remove inssuficiency in provisions with surah Waqiya

رزق کی تنگی ختم سورۃ واقعہ سے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Remove inssuficiency in provisions with surah Waqiya رزق کی تنگی ختم سورۃ واقعہ سے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine May 2008Page No. 37 عبقری رسالہ مئی ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر رات سورۃ واقعہ پڑھے گا اسے کبھی رزق کی تنگی نہیں ہوگی۔

QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	سورۃ واقعہ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Hazrat Abdullah bin Masood (R . A) enlisted that the Holy Prophetﷺ said whoever recites Surah Waqiya every night will never be deprived of his provisions.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To get rid of debts

قرض سے خلاصی

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get rid of debts with surah e Kahaf قرض سے خلاصی سورۃ کہف سے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine May 2008Page No. 37 عبقری رسالہ مئی ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جوشخص مقروض ہو، جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد اس سورۃ کی سات بار تلاوت کرے اور خدا کے حضور دعا کرے تو قرضہ اتر جائیگا۔ جوشخص شبِ جمعہ میں اسے پڑھے گا اسے ایسا نور عطا ہوگا جو بیت اللہ شریف تک پہنچے گا اور اس کے سارے گناہ معاف ہوجائیں گے۔

QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	سورۃ کہف
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	The person who is under debts should recite Surah Kahaf 7times after Friday prayer and pray to Allah. InshaAllah he will get rid of all of his debts. The person who recites it on Friday night will be blessed with a light that will reach to the Holy Kaaba and all of his sins will be forgiven.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To open the hidden doors of provision

غیب سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To open the hidden doors of provision غیب سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine June 2008Page No. 23 عبقری رسالہ جون ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۲۳
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جوشخص نان شبینہ (ایک وقت کی روٹی) کا محتاج ہو، وہ سورہ فاتحہ ایک بار اور سورہ الم نشرح 3بار انا انزلنا 11 بار پڑھا کرے، غیب سے رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	سورہ فاتحہ، سورہ الم نشرح، انا انزلنا
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	The person who recites surah Fatiha once, Surah Alam Nashrah thrice, Surah Qadar 11times Allah will open the doors of provision for him.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کانام)

The significance of Surha Wazuha and Alam Nashrah

خواص سورہ والضحیٰ والم نشرح

Purpose and Benefits (مقصداور فائدہ)	The significance of Surha Wazuha and Alam Nashrah خواص سورہ والضحیٰ والم نشرح
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine June 2008Page No. 23 عبقری رسالہ جون صفحہ نمبر ۲۳
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	1۔ ادائیگی قرضہ کے لئے ہر نماز کے بعد 11-11 مرتبہ پڑھا کریں۔ 2۔ اگر کسی شخص کا کوئی جانور گم ہو گیا ہو، تو ان دونوں سورتوں کو 7 مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی اپنے سر کے گرد گھمائیں۔ اس کے بعد یہ 7 مرتبہ پڑھیں۔

QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارَ اللّٰہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ اَبْرُھَا صَبْرَھَا صَعْرَصَا۔
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	To clear all of your debts recite it 11times after each prayer. If someone has lost his animal then recite both of these Surah 7 times and move your finger around your head and after that recite صُبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارَ اللّٰہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ اَبْرُھَا صَبْرَھَا صَعْرَصَا 7times.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Practise to pay debts

عمل ادائیگی قرض

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Practise to pay debts عمل ادائیگی قرض
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine July 2008Page no 6 عبقری رسالہ صفحہ نمبر ۶
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	عمل ادائیگی قرض: سورہ النصر، پوری کو بعد ادائے فجر صبح چالیس مرتبہ پڑھنے سے تمام قرض ادا ہو جائے گا اور بہت آمدنی ہوگی۔

QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	سورہ النصر
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite Surah Nasr 40times after Fajr prayer and all of your debts will be cleared.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For Meagre income

روزگار میں تنگی

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For Meagre income روزگار میں تنگی
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine July 2008Page no 15 عبقری رسالہ جولائی ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۱۵
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	(الشکور) روزی اور روزگار میں تنگی، تاریکی قبل اور تاریکی چشم کے لئے 41 مرتبہ پانی پر دم کر کے پینا مجرب ہے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	یَاَشَکُوْرُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite اَشَکُوْرُ 41times on water and drink it to get rid of poverty and meagreness.

www.ubqari.org www.ubqari.org

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To get rid of poverty and scantiness

تنگی اور افلاس سے نجات

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get rid of poverty and scantiness تنگی اور افلاس سے نجات
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine September 2008 Page No. 27 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	تین دفعہ درود شریف پڑھے۔ اللھم صل علے سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وبارك وسلم۔ پھر سورہ یس شروع کرے۔ جب پہلے ‘‘مبین’’ کے لفظ پر پہنچے۔ تو پھر سورۃ کو شروع سے پڑھنا شروع کرے اور جب دوسرے ‘‘مبین’’ پر پہنچے تو پھر سورۃ کو شروع سے تلاوت کرے۔ اب جب تیسرے ‘‘مبین’’ پر پہنچے تو پھر شروع سے پڑھے۔ علیٰ ہذا القیاس جب ساتویں ‘‘مبین’’ پر پہنچے تو پھر ابتدا سے تلاوت کرے اور مکمل سورۃ ختم کرے۔ بعدازاں پھر تین مرتبہ درود شریف متذکرہ بالا پڑھے۔ اسی طرح گیارہ روز تک کرے۔ وقت کی تخصیص لازم ہے۔ جگہ کی تخصیص ضروری نہیں۔ انشاالله گیارہ دن کے عرصے کے اندر اندر اثر ملاحظہ کریگا۔ اگر عامل اسی طرح روزانہ ورد رکھے گا تو کل مخلوقات انسان وحیوان اور

جن و پری مطیع و مسخر ہونگے اور عامل کے زیر فرمان رہیں گے اور حسب مرضی کام دیں گے۔ ادائے زکوٰۃ کی نیت سے کاص مکان میں، خلوت میں، خاص وقت مقرر کر کے، خاص رواجی لباس میں چار لاکھ اسی ہزار مرتبہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھے۔ جتنے دنوں میں تعداد پوری ہو سکے کرے مگر جس مقدار میں پہلے دن پڑھا گیا ہو اس سے کم ہر گز نہ پڑھے۔ اسی طرح دوران چلہ میں پہلے دن کی مقدار سے کم ہرگز نہ پڑھے۔ زیادہ کی حد نہیں۔ زکوٰۃ پوری کر چکنے کے بعد 630 مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھا کرے۔ انشااللہ اس مکرم کے موکل حاضر ہوں گے اور تابع داری کریں گے لیکن یاد رکھنا چاہیے کہ تسخیر کے کل اعمال و وظائف میں موکلات سے ناجائز یا ناروا کام کی کوئی شفارش نہ کی جائے ورنہ نقصان ہوگا۔ بلکہ ہلاکت کا اندیشہ اور جہنم کا داخلہ یقین ہے۔ عمل یہ ہے: اللہ الصمد اجب یارب اسرافیل یارب دردائیل اس عمل کی برکت اس عمل کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ادا ہوگی۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اگر اسم اللہ الصمد ستر مرتبہ کسی مٹی کے خشک ڈھیلے پر پڑھ کر دریا میں بہادیں۔

اللھم صل علے سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وبارك وسلم۔ سورہ یس اللہ الصمد

Recite three times Darood Shareef

QuranArabic Zikr

(قرآنی آیات یاذکر)

English Translation and Instructions

(انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)

اللهم صل علے سیدنا محمد وعلى آل سیدنا محمد وبارك وسلم in the beginning. Now start reciting Surah Yaseen when reach at first مبین then start the surah from the beginning, when reach the second مبین again start the surah from the beginning. Hence on the 7th مبین recite the surah from the beginning and complete it this time. Recite three times Durood pak in the ending. Do this practise for 11 days. A fixed timing is required for this practise InshaAllah you will see the results in 11 days. If the practitioner recites it daily he will see the whole world respecting him, jnnat and all kind of creatins will obey and serve him. In order to pay the alms take a separate house or place with a fixed timing and recite it

الله الصمد اجب یارب اسرافیل یارب

480000times. Complete the numbers in fixed days but do not subtract the reciting from the first day. After completing the alms recite it الله الصمد اجب یارب اسرافیل یارب 360 times daily. Inshallah moakil will appear and will obey you. Do not ask them to perform any illegtitmate tasks. After completing the practise recite الله الصمد 70times on a clay stone and throw it in the river.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For Job(حصول ملازمت)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For Job حصول ملازمت
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine September 2008 Page No. 34 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۴
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	بعد نماز فجر واللہ ذوالفضل العظیم 325 مرتبہ اول و آخر 7-7 بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں پھر دعا کریں۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	وَاللهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْم

www.ubqari.org www.ubqari.org www.ubqari.org

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	After Fajr prayer recite وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ 325 times with 7times Durood in the beginning and ending and then pray to Allah.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

useful practise for transfer

تبادلے کا مجرب عمل

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	for transfer تبادلے کا مجرب عمل
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on September 2008Page No. 37 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	تبادلہ کرانا مقصود ہو تو بعد نماز عشا 41 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر 40 روز تک دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تبادلہ ہو جائے گا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	آیت الکرسی
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	If someone wants a transfer then after Isha prayer recite 41times Ayatul Kursi for 40days and then pray to Allah InshaAllah soon you will get the desired transfer.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To pay the detbs and to increase provisions

ادائیگی قرض کشادگی رزق

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To pay the detbs and to increase provisions ادائیگی قرض کشادگی رزق
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Oct 2008Page No.15 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۰۸
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	کشادگی رزق کے لئے لاالہ الا اللہ الملك الحق المبین۔ بعد نماز فجر 100 بار پڑھا کریں۔ ادائیگی قرض کے لئے کلمہ لاالہ الااللہ کثرت سے پڑھنا مؤثر ہے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	لاالہ الا اللہ الملك الحق المبین
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	In order to increase the provisions recite لاالہ الا اللہ الملك الحق المبين 100 times after Fajr prayer. In order to pay the debts recite لاالہ الااللہ in abundance.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

to be wealthy(دولت مندی کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	to be wealthy دولت مندی کے لئے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Oct 2008Page No.30 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جو کوئی ہر روز کسی بھی وقت باوضو حالت میں ایک مرتبہ سورہ القدر اور ستر بار یہ دعا پڑھنے کا معمول بنالے، بہت جلد مالدار ہوجائے گا اور محتاج نہ ہوگا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	سورہ القدر اَللّٰهُمَّ یَامَنْ یَّکْفِیْنِیْ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِیْعًا وَّلَا یَکْفِیْنِیْ مِنْهُ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِهٖ یَا اَحَدُ لَا یَنْقَطِعُ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ وَمَا تَصَوَّرَتِ الْاٰمَالُ اِلَّا فِیْكَ یَاغَیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ۔
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	The person who rerecites Surah Qadar one time and the following supplication 70times with ablutions will soon become wealthy and will not be dependant on anyone.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Useful practise To increase provisions(فراخی رزق کے لئے مجرب)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Useful practise To increase provisions فراخی رزق کے لئے مجرب
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Oct 2008Page No.31 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	بندہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا عامل ہے اور چاہتا ہے کہ اس کے کرشمات، برکات وارثمرات سے لوگ مستفید ہوں۔ فراخی رزق: بے حساب اور بابرکت رزق عطا ہوگا، آپ کے گمان سے بھی زیادہ ملے گا۔ گھر میں کبھی بھی دولت کی تنگی نہ ہوگی۔ ہر اتوار سورج طلوع ہونے پر باوضو ہوکر قبلہ روح ہوکر بیٹھیں اور 413 بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اول وآخر 51-51 بار درود شریف پڑھیں۔ پھر اللہ سے دعا مانگیں۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	بسم الله الرحمن الرحيم درود شریف
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite بسم الله الرحمن الرحيم413times daily with ablution while facing Qibla during sunrise. Recite 51 times Darood in the beginning and ending. Pray to Allah InshaAllah

your provisions will be increased beyond your imaginations.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For wealth and fame(دولت شہرت امیر کبیر ہونا)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For wealth and fame دولت شہرت امیر کبیر ہونا
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Oct 2008Page No.31 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۳۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جب سورج طلوع ہو رہا ہو 300 بار درود شریف پڑھیں۔ پھر 300 بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ لگاتار ایک سال پڑھیں طہارت کا خیال رکھیں، ہمیشہ باوضو اور تصور سے پڑھیں۔ آپ اس کے کرشمات سے حیران ہوں گے۔ دولت بارش کی طرح برسے گی۔ یہ عمل آزمودہ پتھر پر لکھیں ہے۔ کبھی ناغہ نہ ہو۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	درود شریف بسم الله الرحمن الرحيم
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	During the sunrise recite Durood Shareef 300times. Then 300times بسم الله الرحمن الرحيم . Do this practise continuously for one year. Always remain in the state of ablution. You will be amazed to see the results.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To pay debts(قرض کی ادائیگی)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To pay debts قرض کی ادائیگی
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Dec 2008Page No. 13 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۱۳
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	سورہ النصر مکمل چالیس مرتبہ بعد از نماز فجر پڑھیں اور اپنی آنکھوں سے اللہ کے کلام کی تاثیر دیکھیں۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite complete Surah Nasr 40 times after Fajr prayer.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To pay debts(ادائیگی قرض)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To pay debts قرض کی ادائیگی
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Dec 2008Page No.23 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۲۳

Urdu Instructions
(اردو تفصیل)

ادائیگی قرض کے لئے یہ دعا جمعہ کے دن پڑھنی چاہیے
اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَنْ مَنْ سِوَاكَ
یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

ایضا: یہ دعا خشوع والحاح کے ساتھ پڑھنی چاہیے۔ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَلْحَرَامِۃِ وَجْھِكَ الْکَرِیْمُ اِقْضِ عَنِّیْ دَیْنِیْ۔

ایضا: یہ تسبیح کثرت سے پڑھنی چاہیے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ وَاَسْئَلُہٗ مِنْ فَضْلِہٖ حضرت امام جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ تمام انبیا سابقین یہ دعا پڑھا کرتے تھے اور اپنے اہل وعیال کو تعلیم کیا کرتے تھے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل حل ہوجاتی ہے۔ یَادَآئِمًا لَمْ یَزَلْ یَااِلٰھِیْ وَاِلٰہَ اٰبَائِیْ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اِفْعَلْ بِنَا کَذَّا۔ (اس جگہ اپنی حاجت کا نام لیں)

حضرت امام زین العابدینؒ نے فرمایا کہ یہ چار تسبیحات باقیات الصالحات ہیں۔ حضور سرور کائنات ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد یہ تسبیحات 30 مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کو دشمن کے شر سے اپنی حفاظت میں رکھے گا اور آگ میں جلنے، پانی میں غرق ہونے، کنویں میں گرنے اور تمام درندے، جانوروں اور ہر قسم کی بلیات سے محفوظ رہے گا۔

QuranArabic Zikr
(قرآنی آیات یاذکر)

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ
بِفَضْلِكَ عَنْ مَنْ سِوَاكَ
یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

Recite this supplication

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ
بِفَضْلِکَ عَنْ مَنْ سَوَاکَ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ on Friday to pay the debts.

Moreover recite this supplication

اَذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَلْحَرَامِۃِ وَجْھِکَ الْکَرِیْمُ

اِقْضِ عَنِّیْ دَیْنِیْ۔ with sheer concentration .Furthermore recite سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللہِ وَاَسْئَلُہٗ مَنْ فَضْلِہٖ in abundance. Hazrat Jaffar Sadiq R.A said that Prophet P.B.UH used to recite this supplication and used to teach to their families as well. It will solve all of your problems.

یَادَآئِمًا لَمْ یَزَلْ یَااِلٰھِیْ وِاِلٰہَ اٰبَائِیْ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ
صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اِلْعَلْ بِنَا کَذَّا

(say about your problem here) Hazrat Imam Zain ul Abideen R.A said that these four reciting are the routine of pious men. The Holy Prophet ﷺ said whoever recites these supplications 30

times after each farz prayer, Allah will protect him from all calamities and accidents.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Useful practise for provisions

رزق کے لئے آزمودہ وظیفہ

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Useful practise for provisions رزق کے لئے آزمودہ وظیفہ
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Dec 2008Page No.28 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۰۸ صفحہ نمبر ۲۸
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	فجر کے بعد کسی سے بات نہ کریں۔ ایک تسبیح یَارَحْمٰنُ ایک تسبیح یامغنی اور سورۃ مزمل ایک دفعہ۔ یہ اگر چالیس دن مسلسل پڑھیں عمل میں آئے گی یہ عمل روزانہ کریں۔ یہ روزگار کے لئے نہایت آزمودہ ہے۔ مجھے مکمل اعتماد ہوا اور میں نے چالیس دن کیا۔ میرے حالات بدلنا شروع ہو گئے پھر میں اپنی بیوی کے ساتھ عمرے پر چلا گیا۔ جب سے یہ عمل شروع کیا مجھ سے رزق کی تنگی بالکل ختم ہو گئی اور اب نہایت مطمئن ہو گیا ہوں لا جواب آزمودہ وظیفہ ہے۔ کئی لوگوں کو بتایا انہیں خوب فائدہ ہوا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَارَحْمٰنُ یامغنی اور سورۃ مزمل

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	After Fajr prayer do not talk to anyone. Recite یَارَحْمٰنُ 100times, یامغنی 100times and Surah Muzamil once. If you recite this for 40days. This practise is very useful for provisions. I recited this practise for 40days and my conditions got changed. I went to perform umra with my wife and my financial conditions became better.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To get rid of worries and debts(تفکرات سے بچاؤ اور قرضوں کی ادائیگی)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get rid of worries and debts تفکرات سے بچاو اور قرضوں کی ادائیگی
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Feb 2007Page No.27 عبقری رسالہ فروری ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۲۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	بڑے بڑے تفکرات کو دور کرنے اور بڑے قرضوں کی ادائیگی کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے صبح وشام اس دعا کی تلقین فرمائی ہے۔ (رواہ ابوداؤد)
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مَنَ الْعَجْزِ وَ الْكَسْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَ اَعُوْبِكَ منْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	The Holy Prophet ﷺ taught this supplication to get rid of great worries and debts.(Abu Daud)

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For employment(روزگار کی تلاش)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For employment روزگار کی تلاش
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine March 2007 Page no.26 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۲۶
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	313 بار روزانہ اول و آخر درود شریف 11 بار پڑھیں 90 دن تک بے شمار غنی بن گئے ہیں۔ ایک شخص تو خودکشی پر آیا تھا اور کی بھی لیکن ناکام ہوا اس عمل کی برکت سے صاحب روزگار مطمئن ہے اگر اتنی تعداد سے زیادہ پڑھ سکیں تو اجازت ہے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite 313times daily with 11times Darood in the beginning and end. In 90days many men became wealthy.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For job and promotion(عہدہ دوبارہ مل جائے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For job and promotion عہدہ دوبارہ مل جائے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on march 2007 Page no.30 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۳۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	العزیز جلا جلالہ بحالی ملازمت۔ اگر کوئی اپنے عہدے سے گر گیا ہو یا ملازمت موقوف ہوگئی ہو سات دن تک غسل کر کے دو رکعت نفل ادا کرے اور سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ہر رکعت میں پڑھے۔ پھر کھڑے ہو کر تین ہزار دفعہ یَاعَزِیْزُ پڑھے چوتھے دن بیٹھ کر پانچ ہزار دفعہ پڑھے انشاء اللہ وہی عہدہ دوبارہ مل جائے گا یا اس سے بہتر ملے گا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَاعَزِیْزُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	If someone has been demoted or he has been terminated from his position. Offer two rakaat non obligatory prayers for seven days after taking bath. In each rakaat recite Surah Fatiha and Surah Ikhlas then stand still and recite

يَاعَزِيْزُ3000times on the fourth day sit and recite it 5000 times. InshaAllah you will be reinstated to your previous position.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For legitimate live lihood without hardwork

بے محنت حلال روزی ملنے کے لئے

Purpose and Benefits (مقصداور فائدہ)	For legitimate livelihood without hardwork بے محنت حلال روزی ملنے کے لئے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazmine on July 2007 Page No.37 عبقری رسالہ جولائی ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۳۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	رزق کی فراخی، تجارت کی ترقی، بے محنت حلال روزی ملنے کے لئے اس آیت کا گیارہ سو مرتبہ ہر روز پڑھنا دست غیب کا حکم رکھتا ہے۔ بشرطیکہ عامل پاک صاف ہو آیت شریف یہ ہے" اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (مائدہ ۱۱۴) رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا پھر سوا لاکھ مرتبہ اس آیت کا پڑھنا ہمیشہ ہمیشہ عمر بھر کی روزی کی تنگی سے محفوظ رہنا بزرگوں کا مجرب عمل ہے۔

QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (مائدہ ۱۱۴)
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite this verse اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ 1100 times daily it will bless yu with legitimate livelihood and provisions. During the last decade of Ramazan while doing aitkaf and reciting this verse 1250000times will bless you with life time provisions.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To pay debts(قرض کی ادائیگی)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To pay debts قرض کی ادائیگی
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on august 2007 Page no.19 عبقری رسالہ اگست ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۱۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	کسی کو قرض کی ادائیگی کی فکر ہے تو کسی کو اپنے کاروبار میں نقصان کی شکایت، کسی کو اپنے کسی قریبی عزیز کی ناگفتہ

بیماری کا غم تو کسی کو اپنے داروں رشتہ اور معاصرین کی طرف سے اذیت رسانی اور تحاسد و تباغض کا شکوہ، کسی کی الجھن دینی ہے تو کسی کی ہے دنیاوی کسی کو اپنی اولاد کے نافرمان ہونے کا دکھ تو کسی کو بیوی کے بے وفا اور بدزبان ہونے کا وہ یہ پڑھے۔

QuranArabic Zikr

(قرآنی آیات یا ذکر)

اللھم انی اعوذبك من الھم والحزن و اعوذبكَ
من العجز و الکسل و اعوذبك من الجبن
والبخل و اعوذبك من غلبَة الدین و قھر
الرجاَل

English Translation and Instructions

(انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)

If someone is worried regarding the payment of his debts or he is distressed due to the sickness of some relative or due to the disobedience of children recite this اللھم انی اعوذ بك من الھم والحزنو اعوذ بكَ من العجز و الکسل و اعوذ بك ۔ ن الجبن والبخل و اعوذ بك من غلبَة الدین و قھر الرجالin abundance.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

practise fo surah Alzuha to get a job

حصول ملازمت کے لئے سورۃ الضحیٰ کا خاص عمل

Purpose and Benefits

(مقصد اور فائدہ)

practise fo surah Alzuha to get a job

حصول ملازمت کے لئے سورۃ الضحیٰ کا خاص عمل

Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine August 2007 Page no.21 عبقری رسالہ اگست ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۲۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	سورہ والضحیٰ کو عاملین نے پرتاثیر مانا ہے اس میں نو مقام پر کاف (ک) آیا ہے۔ آپ فجر کے بعد وہیں بیٹھیں اور یہ سورہ پاک اس طرح پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یا کریم نو مرتبہ پڑھیں یہ عمل صرف نو ایام کریں ملازمت ملے گی اگر خدانخواستہ ملازمت نہ ملی تو یہ عمل اٹھارہ مرتبہ پڑھیں اگر پھر بھی حاجت پوری نہ ہو تو ستائس مرتبہ پڑھیں اور ہر کاف پر ستائیس مرتبہ یا کریم پڑھیں۔ بفضلِ خدا شرطیہ ملازمت مل جائے گی۔ (شرعی علاج) بحوالہ خزانہ اعمال ص 11)
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	وَالضُّحَىٰ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَىٰ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَىٰ وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْأُولَىٰ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيمًا فَآوَىٰ وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَىٰ وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَىٰ وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Many practitioners emphasied the significance of Surha Wazzuha. It contains 9 kaaf. It should be

recited in such a way that when comes a kaaf recite یا کریم 9times. Do this practise for 9 days InshaAllah you will get a job. If your wish has not been fulfilled recite it for 18 days and recite یا کریم 27times on each kaaf.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For job and to get rid of misfortune

حصول ملازمت اور نحوست دور کرنے کا مجرب عمل

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For job and to get rid of misfortune حصول ملازمت اور نحوست دور کرنے کا مجرب عمل
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine November 2007 Page no.29 عبقری رسالہ نومبر ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۲۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	ملازمت کے حصول کے لئے سورہ بنی اسرائیل کی آخری آیت و قل الحمد لله الذی لم یتخذ ولد ولم یکن له شریك فی الملك ولم یکن له ولی من الذل و کبره تکبیرا (۳۱۳) مرتبہ پڑھیں اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ۔ یہ مطلب پورا ہونے تک جاری

www.ubqari.org www.ubqari.org

رکھیں پڑھنے کا ایک وقت خود ہی مقرر کر لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اللہ غیب سے مدد فرمائے گا۔ گھر سے بے برکتی اور نحوست دور کرنے کیلئے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَ كِيْلُ کو ہر روز (450) بار پڑھیں اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور سوتے وقت سورۃ واقعہ پڑھیں انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

QuranArabic Zikr

(قرآنی آیات یا ذکر)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَ كِيْلُ

سورۃ واقعه

و قل الحمد لله الذی لم یتخذ ولد ولم یکن له شریك فی الملك ولم یکن له ولی من الذل و کبره تکبیرا

English Translation and Instructions

(انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)

Recite the last verse of Surah Bani Israel قل الحمد لله الذی لم یتخذ ولد ولم یکن له شریك فی الملك ولم یکن له ولی من الذل و کبره تکبیرا 313times with 3 times Darood in the beginning and ending. Do these practices till you succeed in your goal. In order to eliminate misfortune from your house and life recite حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَ كِيْلُ 450 times with 11times darood in the beginning and ending. And recite Surah Waqiyah before sleeping InshaAllah you will succeed in your purpose.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For acceptance of supplication(دعا کی قبولیت کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For acceptance of supplication دعا کی قبولیت کے لئے
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine December 2007 Page no 32 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۰۷ صفحہ نمبر ۳۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی شخص کی تنخواہ کسی آقا پر چڑھ گئی ہو یا مزدور کی مزدوری کسی پر آتی اور وہ وصول نہ ہوتی ہو یا کسی شخص کو کوئی عمل یا ختم پڑھتے یا دعا مانگتے مدت گزر گئی ہو اور اس کی دعا قبول نہ ہوتی ہو تین دن تک عشا کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھے انشا اللہ مراد پوری ہوگی آیت شریف یہ ہے نمبر 56 نصیب برحمتِنا من نشا ولا نضیع اجرا لمحسننین سورۃ یوسف آیت پڑھے انشا اللہ ضرور تین روز میں مقصود حاصل ہوگا نہ ہو تو سات دن تک پڑھے۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	نصیب برحمتِنا من نشا ولا نضیع اجرا لمحسننین سورۃ یوسف آیت 56
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If someone is waiting for his pay or he has been praying for a longer period of time and his prayers are not accepted then recite this verse نصیب برحمتِنا من نشا ولا نضیع اجرا لمحسننین 7000 times

after isha prayer. Inshallah all of your wishes will come true. If you do not succeed in three days the do this practise for 7days.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Practise for progress in business(کاروباری ترقی کا وظیفہ)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Practise for progress in business کاروباری ترقی کا وظیفہ
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on Dec 2006 Page No. 06 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۰۶ صفحہ نمبر ٦
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اول و آخر 11 بار درود ابراہیمی درمیان میں 313 بار بعد نماز فجر اور عشا کے نہایت خشوع اور خضوع سے پڑھیں اگر دن میں 2 بار نہ پڑھ سکیں تو کم از کم ایک بار ضرور پڑھیں۔ اور اگر تعداد بڑھانا چاہیں تو 786 بار صبح شام پڑھ لیں کیونکہ جتنا زیادہ گڑ اتنا زیادہ میٹھا اور اٹھتے بیٹھتے بھی اس دعا کو نہایت نہایت اور نہایت کثرت سے کم از کم 90 دن ضرور
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَنْ مَنْ سَوَاكَ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَنْ مَنْ سَوَاكَ 313 times after Fajr and Isha prayer with 11 times Durood e Ibrahimi in the

beginning and ending. Atleast recite it once. If you want to increase the numbers then recite 786 times in the morning and evening for 90days.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To get legitimate provisions

حصول رزق حلال

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get legitimate provisions حصول رزق حلال
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine June&July 2006 Page No. 26-27 عبقری رسالہ جون جولائی ۲۰۰۶ صفحہ نمبر ۲۶، ۲۷
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جو شخص اس مقصد کے لئے اللہ جل جلالہ روزانہ ایک ہزار بار ورد کرے اللہ تعالیٰ اسے وافر رزق حلال عطا فرمائے گا۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	اللہ جل جلالہ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	The person who recite اللہ جل جلالہ 1000times with sheer faith Allah will bless him with legitimate provisions.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For provisions and to pay debts

برائے رزق اور ادائے قرض

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For provisions and to pay debts برائے رزق اور ادائے قرض
Category(قسم)	Finance(مالی مسائل)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine May 2010Page no.26 عبقری رسالہ مئی ۲۰۱۰ صفحہ نمبر ۲۶
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	پانچ سو بار پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود پاک بھی پڑھیں۔ یہ عمل اسلامی بھائی ننگے سر یا بہن بعد نماز عشا کھلے آسمان تلے کھڑے کھڑے پڑھیں۔ روزانہ بعد نماز فجر دعا کے بعد یَابَاسِطُ دس بار پڑھ کر چہرے پر ہاتھ پھیر لیں
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ 500times with 11times Darood in the beginning and end. Do this practise while standing bareheaded (for men) under the sky. Daily recite یَابَاسِطُ 10times after Fajr prayer ad bless your face.